PRNO18

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

ایشیائی محتسبین کی عالمی کانفرنس ستمبر میں تاتارستان میں ہوگی

کانفرنس میں اے اوا ے کے اگلے صدر کا انتخاب بھی عمل میں آئے گا

کانفرنس کے ایجنڈے اور تیاریوں کے لئے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی زیر صدارت اجلاس

اسلام آباد(   )ایشیاء کے محتسبین کی تنظیم ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین (اے اوا ے) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور جنرل اسمبلی کے اجلاس اس سال ستمبر میں تاتارستان میں منعقد ہوں گے، جس میں اے اوا ے کے اگلے صدر کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔ اجلاس کے ایجنڈے اور انتظامات کی تیاریوں کے حوالے سے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے تاتارستان میں اپنی ہم منصب کمشنر برائے انسانی حقوق ساریہ صابر سکایا(Sariya SaburSkaya) کے ساتھ ایک آن لائن میٹنگ کے دوران بورڈ آف ڈائریکٹرز اور جنرل اسمبلی کے اجلاس کے ایجنڈے اور تیاریوں کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ تنظیم کے انتخابات کے انعقاد اور دیگر سرگرمیوں کے بارے میں مشاورت کی گئی۔ وفاقی محتسب نے کانفرنس کے میزبان ملک تاتارستان کی کمشنر کو کانفرنس کی تیاریوں کے حوالے سے اے اوا ے سیکرٹیریٹ کی طرف سے تیار کردہ چیک لسٹ کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔ واضح رہے کہ پاکستان کے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی (AOA) کے صدر ہیں اور AOA کا مرکزی دفتر بھی وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ اسلام آباد میں ہی قائم ہے۔ تاتارستان کانفرنس کے دوران اے اوا ے کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں تنظیم کے اگلے صدر اور دیگر عہدوں کا انتخاب بھی عمل میں آئے گا۔1996ء میں قائم ہونے والی ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین عالمی سطح کی دوسری بڑی غیر سیاسی، آزاد اور جمہوری تنظیم ہے جو دنیا کی دو تہائی آبادی کی نمائندگی کرتی ہے۔44 ممبران پر مشتمل اس تنظیم کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ہر سال جبکہ جنرل اسمبلی کی میٹنگ ہر دو سال بعد کسی ایک ممبر ملک میں منعقد ہوتی ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

30اپریل2023ء